بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

Share

# تنخواہیں 10 فیصد بڑھانے پر غور، ملک کی نصف آبادی غربت کی لکیر سے نیچے ہے

## اسحاق ڈار کی زیر صدارت اقتصادی مشاورتی کونسل کا اجلاس

### توانائی شعبے کیلئے سبسڈی کم، تیل و گیس کی تلاش اور ڈسکوز کی نجکاری پر توجہ دی جائے، ذیلی گروپوں کی تجاویز، قابل عمل سفارشات کو بجٹ میں شامل کیا جائیگا، وزیر خزانہ

اسلام آباد (جنگ نیوز، آن لائن) وزیر خزانہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت اقتصادی مشاورتی کونسل نے مان لیا کہ ملک کی نصف آبادی غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہی ہے، اجلاس میں یکم جولائی سے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 10 فیصد اضافے پر بھی غور کیا گیا تاہم حتمی فیصلہ بجٹ سے پہلے ہو گا، کونسل میں سفارشات پیش کی گئی ہیں کہ تیل و گیس کی تلاش اور ڈسکوز کی نجکاری اور غیر روایتی برآمدات پر توجہ دی جائے، توانائی شعبے کے لئے حکومتی سبسڈی میں کمی کی جائے، سماجی تحفظ کیلئے خصوصی ٹاسک فورس بنائی جائے، زرعی شعبے کیلئے سستے قرضے اور ضروری خوردنی اشیاء کی مارکیٹ قیمتوں کو مناسب سطح پر رکھنے کیلئے اقدامات کئے جائیں جبکہ وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے یقین دلایا ہے کہ قابل عمل سفارشات کو آئندہ بجٹ میں شامل کیا جائیگا اور فیصلہ کیا گیا ہے کہ مئی کے دوسرے ہفتے میں کونسل کا ایک اور اجلاس بلا کر ان سفارشات کو حتمی شکل دی جائے گی۔ اقتصادی مشاورتی کونسل (ای اے سی) کا اجلاس ہفتہ کو وزیر خزانہ اسحاق ڈار کی صدارت میں ہوا جو ساڑھے چھ گھنٹے تک جاری رہا جس میں قومی معیشت کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا۔ کونسل نے فیصلہ کیا کہ اب پاکستان میں 2 ڈالر یا 200 روپے یومیہ سے کم آمدنی رکھنے والا فرد غریب تصور ہو گا، غربت کے نئے پیمانے کو دیکھا جائے تو پاکستان کی نصف آبادی غریب ہے۔ اس سے قبل سوا ڈالر کی آمدن رکھنے والا فرد غریب تصور ہوتا تھا۔ وزیر خزانہ نے کونسل کے پانچ ذیلی گروپوں کو دعوت دی کہ وہ اپنی آراء دیں۔ توانائی کے بارے میں فاروق رحمت اللہ کی سربراہی میں قائم گروپ نے پٹرولیم مصنوعات کے اسٹریٹجک ذخائر کی تعمیر، تیل کی مارکیٹنگ اور تقسیم کو ڈی ریگولیٹ کرنا، ایندھن کے حوالے سے قیمتوں میں توازن لانا، تیل و گیس اور قدرتی گیس کی تلاش، سرمایہ کار کمپنیوں کی اس حوالے سے حوصلہ افزائی اور بجلی کی پیداوار و صنعت کے شعبے میں قدرتی گیس کو ترجیح دینے کی تجاویز شامل تھیں۔

《パナソニックストアオープン》
ec-club.panasonic.jp
WEB限定のハイスペックPCが多数。パナソニック直販サイト

ShareThis

آج کا اخبار پڑھئے